سوال نمبر: 775

منجانب: ثوبیہ شاہد صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
| --- | --- | --- |
| (الف) | کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ پشاور رنگ روڈ کی تعمیر کا کام سال 2008-2010 کے دوران شروع ہوا تھا؟ | جی ہاں یہ درست ہے |
| (ب) | آیا یہ بھی درست ہے کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی 8.5 کلومیٹر روڈ کی تعمیر باقی ہے۔ | جی ہاں ورسک روڈ سے ناصر باغ روڈ تک 8.70 کلومیٹر رنگ روڈ کی تعمیر باقی ہے۔ |
| (ج) | اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس روڈ کو مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ اور کس وجہ سے اس منصوبے میں اتنی تاخیر ہوئی ہے، نیز اس پر کام کیوں رُکا ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔ | اس ضمن میں عرض ہے کہ 8.70 کلومیٹر حصہ، ورسک روڈ سے ناصر باغ روڈ کا، پی سی ون 02-02-2023 کو منظور ہوا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ترقیاتی کاموں پر پابندی کے باعث اسے زیر التواء رکھا گیا۔ تاہم، الیکشن کے فوراً بعد 15-02-2024 کو ٹینڈر کیا گیا جو بعد میں ٹھیکیداروں کے بہت زیادہ ریٹ ہونے کی وجہ سے کینسل کر دیا گیا۔ جس کو اب دوبارہ 18-12-2024 کو مشتہر کیا گیا ہے اور ٹھیکیداروں کو مورخہ 15-01-2025 کو ٹینڈر میں شرکت کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ |